(ا) مَاذَا يُحِبُّ أَعْدَاءُ الْإِسْلَامِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ؟ اِشْرَحْ مُفَصَّلًا.

(اسلام کے دشمن مسلمانوں سے داخلی طور پر کیا خواہشات رکھتے ہیں؟ تفصیل سے وضاحت کیجیے؟)

الجواب: وَلَا رَيْبَ أَنَّ أَعْدَاءَ الْإِسْلَامِ يُحِبُّوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ أَنْ يَتَفَرَّقُوْا سَوَاءً كَانُوْا أَعْدَاءً يُصَرِّحُوْنَ بِالْعَدَاوَةِ، أَوْ أَعْدَاءً يَتَظَاهَرُوْنَ بِالْوَلَايَةِ لِلْمُسْلِمِيْنَ أَوْ لِلْإِسْلَامِ، وَهُمْ لَيْسُوْا كَذٰلِكَ.

فَالْوَاجِبُ أَنْ نَتَمَيَّزَ بِهٰذِهِ الْمَيْزَةِ الَّتِيْ هِيَ مَيْزَةٌ لِلطَّائِفَةِ النَّاجِيَةِ وَ هِيَ الْاِتِّفَاقُ عَلٰى كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ.

(اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اسلام کے دشمن مسلمانوں سے یہ تقاضا رکھتے ہیں کہ یہ آپس

میں تفرقہ بازی سے کام لیں۔ وہ ظاہری طور پر اور باطنی طور پر دشمنی رکھتے ہیں۔ جب کہ یہ مسلمان پسند نہیں کرتے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ مسلمان ایک ہی کلمہ پر متفق و متحد رہیں اور یہی فرقہ ناجیہ کی عظیم خصلت ہے۔)

تمرین (۵۸)

أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ: (درج ذیل کا جواب دیجیے۔)

(۱) مَا التَّضَامُنُ الْإِسْلَامِيُّ؟ وَكَيْفَ يُمْكِنُ أَنْ يَّتَحَقَّقَ؟

(اسلامی اشتراکت (ہم آہنگی) کیا ہے؟ اور کیسے ممکن ہے کہ وہ ثابت ہو؟)

الجواب: وَهُوَ أَنْ يَّعْمَلَ كُلُّ مُسْلِمٍ عَلٰى تَحْقِيْقِ الْأَخْذِ بِتَعَالِيْمِ الدِّيْنِ وَهُوَ يُمْكِنُ أَنْ يَّتَحَقَّقَ مِنَ اللِّقَاءِ بِالْمَجْمُوْعَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ فِيْ أَيِّ مَكَانٍ، لِقَاءٌ مَوَدَّةٌ وَ مَحَبَّةٌ وَ مُشَارَكَةٌ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَالشِّدَّةِ وَالرِّخَاءِ.

(اسلامی اشتراکت (ہم آہنگی) یہ ہے کہ ہر مسلمان دینِ اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو۔ اور یہ تب ہی ممکن ہے جب ہم مسلمانوں کے گروہ سے ملاقات رکھیں۔ اُن کے دُکھ اور سُکھ میں شریک ہوں اور نرمی و سختی میں اُن کے برابر کھڑے ہوں اور باہمی محبت و یگانت کو برقرار رکھیں۔)

(۲) لِمَاذَا كَانَتْ أُمَّةُ الْإِسْلَامِ خَيْرُ أُمَّةٍ؟ (ملتِ اسلامیہ۔ کیونکر بہترین اُمت ہے؟)

الجواب: لِأَنَّهَا بَنَتْ حَيَاتَهَا عَلٰى أُصُوْلِ الدِّيْنِ وَالْعَقِيْدَةِ، وَ تَحَرَّرَتْ مِنْ جَمِيْعِ الطَّوَاغِيْتِ الَّتِيْ تَفْرُقُ بَيْنَ الْبَشَرِيَّةِ وَ تَتَحَكَّمُ فِيْ إِنْسَانِيَتِهَا.

(یاد رہے ملت اسلامیہ کی بنیاد دین اور عقیدہ کے قوانین پر ہے اور اُن تمام طاغوتی طاقتوں سے آزاد ہے جو انسانیت کے درمیان جدائی ڈالتی ہیں۔ اور ان تمام طاغوتی طاقتوں سے آزاد ہے جو انسانیت میں بسیرا کر لیتی ہیں۔)

(۳) ((لَقَدْ كَانَتِ الْعَقِيْدَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ هِيَ الْعَامِلُ الْقَوِيُّ فِيْ اِنْتِصَارِ الشُّعُوْبِ)) اِشْرَحْ هٰذِهِ الْعِبَارَةَ مُدَلِّلًا عَلٰى ذٰلِكَ بِالْأَمْثِلَةِ؟

(''اسلامی عقیدہ۔ مسلمان قوموں کی نصرت و اعانت میں ایک مضبوط عامل ہے۔'' اس عبارت کی با دلائل تشریح کریں۔)

الجواب: حِيْنَمَا بَدَأَتْ الْحَمَلَاتُ الصَّلِيْبِيَّةُ وَ حَشَدَتْ لَهَا أُوْرُبَّا كُلَّ طَاقَاتِهَا لَحِرْبِ دِيَارِ الْإِسْلَامِ فَاسْتَوْلُوْا عَلَى الْقُدْسِ نَهَضَ صَلَاحُ الدِّيْنِ الْأَيُّوْبِيُّ وَمَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ فَاسْتَرَدَ الْقُدُسَ وَهَزَمَهُمْ فِيْ مَعْرِكَةِ حِطِّيْنٍ (فِيْ فِلْسِطِيْنٍ) سَنَةَ ۵۸۳ھ/۱۱۸۷م.

وَحِيْنَمَا غَزَا التِّتَارُ الْخِلَافَةَ الْعَبَّاسِيَّةَ وَخَرَّبُوْا عَاصِمَتَهَا بَغْدَادَ نَهَضَ الْمُسْلِمُوْنَ لِرَدِّ الْعُدْوَانِ، فَكَانَ اِنْتِصَارُهُمْ فِيْ مَعْرِكَةِ عَيْنَ جَالُوْتٍ (فِيْ فِلْسِطِيْنٍ) سَنَةَ ۶۵۸ھ/۱۲۶۰م بِقِيَادَةِ السُّلْطَانِ قُطُزْ.

(جب صلیبیوں کے حملے شروع ہوئے اور یورپ نے پورا کا پورا ساتھ دیا اور اسلام کے مقدس مقامات کو گرانے کا عزم کر لیا چنانچہ مسجد قدس پر قبضہ جما لیا اندریں حالات صلاح الدین ایوبی اور اس کے ساتھ مسلمان اُٹھے اور مسجد قدس کا قبضہ چھڑوا لیا۔ اور اُن کو فلسطین کے اندر ''معرکہ حطین'' میں زبردست شکست دی۔ سال ۵۸۳ ہجری/ ۱۱۸۷ عیسوی۔

اور جب تاتاریوں نے خلافت عباسیہ سے جنگ لڑی اور اُس کے دارالخلافہ بغداد کو خراب کر دیا تو مسلمان اُس زیادتی کا بدلہ لینے کے لیے اٹھے چنانچہ سلطان قطر کی قیادت میں سال ۶۵۸ ہجری/ ۱۲۶۰ عیسوی فلسطین کے اندر ''عین جالوت'' کے معرکہ میں غلبہ حاصل کر لیا۔)

(۴) كَيْفَ وَ أَيْنَ انْتَصَرَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَى الصَّلِيْبِيِّيْنَ؟

(کیسے اور کہاں مسلمانوں نے صلیبیوں پر غلبہ پایا؟)

الجواب: نَهَضَ صَلَاحُ الدِّيْنِ الْأَيُّوْبِيُّ وَ مَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ فَاسْتَرَدَ الْقُدُسَ وَهَزَمَهُمْ فِيْ مَعْرِكَةِ حِطِّيْنٍ (فِيْ فِلْسِطِيْنٍ) سَنَةَ ۵۸۳ھ/۱۱۸۷م)

(صلاح الدین ایوبی اُٹھا اور اس کے ساتھ مسلمان بھی اُٹھے اور مسجد قدس کو واگزار کروا لیا اور اُن کو ۵۸۳ ہجری بمطابق ۱۱۸۷ عیسوی فلسطین کے اندر ''معرکہ حطین'' میں زبردست شکست دی۔)

(۵) كَيْفَ وَ أَيْنَ اِنْتَصَرَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَى التِّتَارِ؟

(کیسے اور کہاں مسلمانوں نے تاتاریوں پر حملہ کیا؟)

الجواب: نَهَضَ الْمُسْلِمُوْنَ لِرَدِّ الْعُدْوَانِ فَكَانَ اِنْتِصَارُهُمْ فِيْ مَعْرِكَةِ عَيْنَ جَالُوْتٍ فِيْ فِلِسْطِيْنٍ سَنَةَ ۶۵۸ھ/۱۲۶۰م بِقِيَادَةِ السُّلْطَانِ قُطُزْ.

(مسلمان اُٹھے دشمنوں سے نمٹنے کے لیے، چنانچہ اُن کو معرکہ جالوت میں فلسطین کے اندر سال ۶۵۸ ہجری بمطابق ۱۲۶۰ ہجری سلطان قطز کی قیادت میں غلبہ ہوا۔)

(۶) مَاذَا تَسْتَطِيعُ الدُّوَلُ الْإِسْلَامِيَّةُ عَمَلَهُ بِالتَّعَاوُنِ وَالْإِتِّحَادِ؟

(اسلامی سلطنتیں۔ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور اتحاد کرنے میں کیسے کردار ادا کرسکتی ہیں؟)

الجواب: فَبِالتَّعَاوُنِ وَالْإِتِّحَادِ تَسْتَطِيعَ الدُّوَلُ الْإِسْلَامِيَّةُ أَنْ تُقَاوِمَ مُؤَامِرَاتِ الْإِسْتِعْمَارِ الْغَرْبِيِّ وَ تَصُدُّ غَزْوَهُ الْفِكْرِيَّ وَ مُحَافِظُ عَلَى كُلِّ دَوْلَةٍ إِسْلَامِيَّةٍ.

وَبِالتَّعَاوُنِ تَسْتَطِيعُ الدُّوَلُ الْإِسْلَامِيَّةُ أَنْ تُحَقِّقَ لِمُوَاطِنِيهَا الرَّاحَةَ وَالْهَنَاءَةَ وَالطُّمَانِينَةَ وَالسَّعَادَةَ.

وَ بِالتَّعَاوُنِ تَسْتَطِيعُ الدُّوَلُ الْإِسْلَامِيَّةُ أَنْ تَنْعَمَ بِالْإِسْتِقْرَارِ وَ أَنْ تَعِيشَ بِالْكَرَامَةِ.

وَبِالتَّعَاوُنِ تَسْتَطِيعُ الدُّوَلُ الْإِسْلَامِيَّةُ أَنْ تَحْظَى بِمَكَانَةٍ يَخَافُهَا الْأَعْدَاءُ وَيَحْرِصُ عَلَى صَدَاقَتِهَا الْأَصْدِقَاءُ.

(اسلامی سلطنتیں۔ تعاون اور اتحاد کی بدولت مغربی یلغاروں کا مقابلہ کرسکتی ہیں اور اس کی فکری یلغار کا مقابلہ کرسکتی ہیں۔اور ہر اسلامی سلطنت کی دفاع کرسکتی ہیں۔

اور تعاون اور اتحاد کی بدولت اسلامی سلطنتیں اپنے باشندوں کو آرام، سکون، سعادت اور طمانیت دے سکتی ہیں۔

اور تعاون کی بدولت مستقل مزاجی کی نعمت سے مالا مال ہوسکتی ہیں۔اور عزت والی زندگی بسر کرسکتی ہیں۔

اور تعاون کی بدولت ایسا مقام و مرتبہ حاصل کرسکتی جس سے دشمن کا خوف ختم ہوسکتا ہے۔

اور مسلمانوں کا آپس میں دوستانہ تعلق بڑھ سکتا ہے۔)

تمرین (۵۹)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ؟ (درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔)

(۱) لِمَاذَا هَاجَرَتْ أُسْرَةُ الْإِمَامِ ابْنِ تَيْمِيَةَ إِلَى الشَّامِ؟

(امام ابن تیمیہؒ کے قبیلہ نے ملک شام کی طرف ہجرت کیوں کی؟)

الجواب: لَمَّا بَلَغَ السَّابِعَةَ مِنْ عُمُرِهٖ أَغَارَ التِّتَارَ عَلٰى بِلَادِهٖ فَهَا جَرَتْ أُسْرَتُهٗ إِلَى الشَّامِ؟

(جب آپ (امام ابن تیمیہؒ) سات سال کے ہوئے تو تاتاریوں نے آپ کے شہر پر حملہ کر دیا۔ بنابریں آپ کے قبیلہ نے ملک شام کی طرف ہجرت کی۔)

(۲) مَاالْعُلُوْمُ الَّتِیْ حَصَّلَهَا؟

(وُہ کون سے علوم ہیں، جن کو انہوں نے حاصل کیا؟)

الجواب: اَلْعُلُوْمُ الَّتِیْ حَصَّلَهَا، وَهِيَ: اَلْفِقْهُ الْحَنْبَلِيُّ، عُلُوْمُ الْقُرْآنِ وَالْحَدِيْثِ، وَالْفِقْهِ وَاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.

(وہ علوم جن کی آپ کو دسترس ہوئی اور وُہ یہ ہیں: فقہ حنبلی، قرآن وحدیث، فقہ اور عربی زبان کے علوم۔)

(۳) مَتٰى جَلَسَ لِلتَّدْرِيْسِ؟ (آپ نے مسندِ تدریس کو کب سنبھالا؟)

الجواب: لَمَّا بَلَغَ الثَّانِيَةَ وَالْعِشْرِيْنَ مِنْ عُمُرِهٖ تُوُفِّيَ أَبُوْهُ فَخَلَفَهٗ فِيْ تَدْرِيْسِ الْعُلُوْمِ الشَّرْعِيَّةِ.

(جب آپ بائیس سال کی عمر کو پہنچے تو آپ کے باپ فوت ہوگئے۔ بعدازاں مسندِ تدریس کو سنبھالا۔)

(۴) لِمَاذَا لَقِيَ أَذًى كَثِيْرًا فِيْ حَيَاتِهٖ؟ (آپ کو آپ کی زندگی میں کیوں اذیتیں دی گئیں؟)

الجواب: وَقَدْ كَانَتْ مَوَاقِفُهُ الصُّلْبَةُ وَاسْتِقَامَتُهُ الْفَرِيْدَةُ سَبَبًا فِيْ إِيْذَاءِهٖ وَكَانَتْ مُنَا ضَلَتُهٗ بِالْفِرَقِ الضَّالَّةِ وَالْمُبْتَدِعَةِ.

(وہ عقیدہ توحید پر ٹھوس عقیدہ رکھتے تھے، اور دین حقہ پر استقامت تھی اور گمراہ وبدعتی فرقوں سے مقابلہ بازی تھی یہ اسباب ہیں جو آپ کی اذیت کا سبب بنے۔)

(۵) مَا أَهَمُّ دَعْوَةٍ دَعَا إِلَيْهَا الشَّيْخُ ابْنُ تَيْمِيَةَ؟

(وہ کون سی اہم دعوت تھی، جس کی طرف شیخ ابن تیمیہؒ نے دعوت دی؟)

الجواب: أَلَا وَهِيَ دَعْوَةُ التَّوْحِيْدِ. (یادرہے وہ دعوتِ توحید ہے۔)

(۶) مَنْ كَانَ أَعْظَمُ تَلَامِيْذِهٖ؟ (آپ کے عظیم تلامذہ کون سے تھے؟)

الجواب: كَانَ الْإِمَامُ ابْنُ الْقَيِّمِ الَّذِیْ كَانَ رَفِيْقُهٗ فِي السِّجْنِ فَنَشَرَ عِلْمَهٗ، وَدَعَا إِلَيْهِ وَنَاصَرَ آرَاءَهٗ.

(امام ابن قیمؒ آپ کا عظیم شاگرد تھا۔ جو کہ قید میں آپ کے ساتھ رہا اور آپ کے علم کو پھیلایا اور لوگوں کو آپ کی علمی مجلس میں شریک ہونے کی دعوت دی اور آپ کی آراء کی حمایت کی۔).

تمرين (٦٠)

فِيْ حَيَاةِ ابْنِ تَيْمِيَةَ دُرُوْسٌ يَجْدَرُ بِالْعُلَمَاءِ أَنْ يَقْتَدُوْا بِهَا، اُذْكُرْ ثَلَاثَةً مِنْهَا؟

(امام ابن تیمیہؒ کی زندگی میں چند ایسے دروس (اسباق) ہیں ضروری ہے کہ علماء وہ اختیار کریں؟ اُن میں سے صرف تین ذکر کریں۔)

الجواب: (ا) أَخْذُ الْعَقِيْدَةِ مِنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ. (اللہ اور اس کے پیغمبر سے عقیدہ کا اَخذ کرنا۔)

(۲) اَلصُّمُوْدُ أَمَامِ الطَّوَاغِيْتِ. (طاغوتی طاقتوں کے سامنے ڈٹ جانا۔)

(۳) اَلثَّبَاتُ فِيْ مَعْرِكَةِ الْجِهَادِ. (جہادی معرکہ میں ثابت قدم رہنا۔)

تمرين (٦١)

ضَعْ فِيْ الْفَرَاغِ فِيْ بَدَايَةِ الْقَائِمَةِ (أ) إِسْمًا مُنَاسِبًا مِنَ الْأَعْلَامِ الْمَذْكُوْرَةِ فِيْ الْقَائِمَةِ (ب):

(خالی جگہ کالم (ا) کے شروع میں کالم (ب) سے مناسب نام لکھیں۔)

الجواب: أَحْمَدْ شَوْقِيْ عَلَمٌ مِنْ أَعْلَامِ الشِّعْرِ الْعَرَبِيِّ

.... عَلَمٌ مِنْ أَعْلَامِ الْمَلَاحَةِ

.... عَلَمٌ مِنْ أَعْلَامِ النَّحْوِ الْجَرَحِيِّ

اَلْخَلِيْلُ بِنْ اَحْمَدَ عَلَمٌ مِنْ أَعْلَامِ النَّحْوِ الْعَرَبِيِّ

اَلْإِمَامُ الْبُخَارِيُّ عَلَمٌ مِنْ أَعْلَامِ الْحَدِيْثِ النَّبَوِيِّ

.... عَلَمٌ مِنْ أَعْلَامِ الْفَتْحِ الْإِسْلَامِيِّ

.... عَلَمٌ مِنْ أَعْلَامِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ

.... عَلَمٌ مِنْ اَعْلَامِ الْمُجَدِّدِيْنَ

تمرین (٦٢)

أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ: (درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔)

(۱) مَتٰى وَ أَيْنَ وَلَدَ الْمُحَدِّثُ الشَّاهُ وَلِيُّ اللّٰهِ الدِّهْلَوِيُّ؟

(محدث شاہ ولی اللہ دہلویؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟)

الجواب: وَلَدَ فِيْ ٤ شَوَّالُ سَنَةَ ١١١٤ھ (٢١ فبرایر ١٧٠٣ء) فِيْ قَرْيَةِ فَلَتْ بِمُدِيْرِيَةِ مُظَفَّرْ نَگرْ بِإِقْلِيْمِ اُتَرْ بَرَادِيْش اَلْقَرِيْبِ مِنْ دِلْهِيْ عَاصِمَةِ الْهِنْدِ.

(آپ ۴ شوال ۱۱۱۴ ہجری بمطابق ۲۱ فروری ۱۷۰۳ عیسوی کو بمقام گاؤں فلت ضلع مظفر نگر صوبہ اترپرادیش میں پیدا ہوئے جو کہ دلی کے قریب ہے اور وُہ ہندوستان کا دارالخلافہ ہے۔)

(۲) أَيْنَ وَ مَتٰى تُوُفِّيَ؟ (کب اور کہاں پیدا ہوئے؟)

الجواب: تُوُفِّيَ يَوْمَ السَّبْتِ التَّاسِعِ وَالْعِشْرِيْنَ مِنَ الْمُحَرَّمِ ١١٧٦ھ (١٧٦٣ء) فِيْ دِلْهِيْ.

(آپ بروز ہفتہ ۲۹ محرم سال ۱۱۷۶ ہجری بمطابق ۱۷۶۳ عیسوی دلی میں فوت ہوئے۔)

(۳) بِمَ يَتَّصِفُ عَصْرُ الشَّاهُ وَلِيُّ اللّٰهِ الدِّهْلَوِيُّ سَيَاسِيًّا؟ وَ دِيْنِيًّا.

(شاہ ولی اللہ دہلوی کا دور سیاسی اور دینی کب شروع ہوا؟)

الجواب: اَلْعَصْرُ الَّذِيْ تَشَتَّتَ فِيْهِ شَمْلُ الْمُسْلِمِيْنَ فِي الْهِنْدِ وَ ضَعُفَتْ دَوْلَتُهُمْ وَتَتَابَعَتْ الْفِتَنُ وَالثَّوْرَاتُ وَالْحُرُوْبُ الدَّاخِلِيَّةُ وَ فَقْدُ الْأَمْنِ وَالْإِسْتِقْرَارِ.

(آپ کا سیاسی و دینی وہ دور ہے جس میں ہندوستان کے مسلمانوں کا شیرازہ بکھر گیا اور اُن کی سلطنت کمزور ہوگئی۔ اور فتنہ وفساد اور اندرونی جنگی حالات پیدا ہوگئے۔)

(۴) كَيْفَ اِسْتَقْبَلَ الْإِمَامُ تِلْكَ الظُّرُوْفَ الْحَرَجَةَ؟

(امام نے ان افسردہ حالات کا کیسے مقابلہ کیا؟)

الجواب: حَثَّ أُمَرَاءَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلَى التَّمَسُّكِ بِالْحَقِّ وَالتَّعَاوُنِ عَلَى الْخَيْرِ وَ حَذَّرَهُمْ عَوَاقِبَ الْوَهْنِ وَالْخُذْلَانِ فِيْ تِلْكَ الظُّرُوْفِ الْحَرَجَةِ.

(مسلمانوں کے امراء کو حق اور نیکی کے تعاون کرنے پر رغبت دلائی اور اُن کو ان افسردہ

حالات میں ذلت ورسوائی کے نتائج سے خبردار کیا۔)

(۵) مِنْ أَبْرَزِ تَلَامِذَةِ الْإِمَامِ؟ (امام کے مشہور تلامذہ۔)

الجواب: (۱) اَلْمُحَدِّثُ اَلشَّاهُ عَبْدُ الْعَزِيزِ. (۲) اَلشَّيْخُ اَلشَّاهُ رَفِيعُ الدِّينِ. (۳) اَلشَّيْخُ عَبْدُ الْقَادِرِ (۴) اَلشَّيْخُ عَبْدُ الْغَنِي.

(۶) مَا أَبْرَزَ سِمَاتِ دَعْوَةِ الشَّاهُ وَلِيَ اللّٰهِ الدِّهْلَوِيّ.
(شاہ ولی اللہ دہلوی کی دعوت کے کیا نتائج سامنے آئے۔)

الجواب: دَحْضَ الْبِدْعَةَ وَالْخَرَافَاتِ الْمُنْتَشِرَةِ بَيْنَ الشُّعُوبِ الْمُسْلِمَةِ، وَ بَثَّتِ الرُّوحُ فِي الثَّقَافَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ مِنْ جَدِيدٍ فِي أَنْحَاءِ شِبْهِ الْقَارَّةِ.
(آپ نے بدعت اور پھیلی ہوئی خرافات کو جو مسلمان قوموں میں راسخ ہو چکیں تھیں اُکھاڑ کر رکھ دیا۔ آپ کی دعوت کی بدولت روح نے برصغیر کے ہر کونے میں ایک نئی جدت کے ساتھ اسلامی ثقافت میں جگہ بنالی۔)

(۷) مَتٰى وَ كَيْفَ تَحَوَّلَتْ دَعْوَةُ الشَّاهُ وَلِي اللّٰه الدِّهْلَوِيِّ إِلٰى حَرَكَةٍ جِهَادِيَةٍ؟
(شاہ ولی اللہ دہلوی کی دعوت کب اور کیسے جہاد کی طرف متحرک ہوئی؟)

الجواب: وَفِي عَصْرِ ابْنِهِ الْأَكْبَرِ الشَّيْخِ اَلْمُحَدِّثِ اَلشَّاهُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَ بِإِرْشَادِهِ تَطَوَّرَتْ هٰذِهِ الْجَمَاعَةُ فَتَحَوَّلَتْ إِلٰى حَرَكَةٍ عَسْكَرِيَّةٍ جِهَادِيَةٍ.
(اور آپ کے بڑے بیٹے شیخ محدث شاہ عبدالعزیز کے دور میں ان کی راہنمائی سے یہ جماعت ترقی پذیر ہوئی اور ایک جہادی لشکر تیار کیا۔)

تمرین (۶۳)

أُكْتُبْ مَقَالًا أَدَبِيًّا عَنْ مُؤَلَّفَاتِ الشَّيْخِ اَلشَّاهُ وَلِيَ اللّٰهِ الدِّهْلَوِيِّ.
(شیخ شاہ ولی اللہ دہلوی کی تالیفات کے متعلق ایک ادبی مضمون لکھیں۔)

الجواب: لَمْ تَسْتَطِعْ أَعْبَاءُ تَرْبِيَةِ الرِّجَالِ الضَّخْمَةِ صَرْفَ هِمَّةِ الْإِمَامِ عَنِ التَّأْلِيفِ فَقَدْ زَوَّدَ الْمَكْتَبَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ بِعَدَدٍ مِنْ مُؤَلَّفَاتِهِ الْقَيِّمَةِ الَّتِي تَمْتَازُ

بِاسْتِقَامَةِ الْفِكْرِ وَ مَتَانَةِ الْأُسْلُوْبِ وَ دِقَّةِ الْبَحْثِ وَ شَرْحِ حَقَائِقِ الْإِسْلَامِ فِيْ ضَوْءِ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ وَ السُّنَّةِ الْمُطَهَّرَةِ. مِنْ أَبْرَزِ مُؤَلَّفَاتِهِ التَّرْجَمَةِ الْفَارِسِيَّةِ لِلْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ (فَتْحُ الرَّحْمَانِ فِيْ تَرْجَمة الْقُرْآنِ) وَ حُجَّةُ اللّٰهِ الْبَالِغَةُ، وَإِزَالَةُ الْخُلَفَاءِ عَنْ خِلَافَةِ الْخُلَفَاءِ، وَالْفَوْزِ الْكَبِيْرِ وَغَيْرِهِ وَلَا تَزَالُ مُؤَلَّفَاتُهُ مُنْذُ ذٰلِكَ الْحِيْنِ مِشْكَاةً لِلْعُلَمَاءِ وَالْبَاحِثِيْنَ وَالْمُفَكِّرِيْنَ يَسْتَنِيْرُوْنَ بِهَا الدَّرْبَ وَيَعْتَمِدُوْنَ عَلَيْهَا فِيْ الْبُحُوْثِ الْعِلْمِيَّةِ وَ يُقَرِّرُوْنَهَا فِيْ الْمَنَاهِجِ الدِّرَاسَةِ فِيْ جَامِعَاتِهِمْ.

(بڑے بڑے آپ کے تربیت یافتہ لوگ امام صاحب کی تالیفات کو گننے کی ہمت نہ کر سکے۔ اسلامی مکتبہ نے آپ کی اہم تالیفات کی تعداد کو شمار کر رکھا ہے۔ وہ تالیفات ایک مستقل سوچ، قوی اسلوب اور اسلامی حقائق کی شرح و باریک بینی سے ممتاز ہیں۔ اور وہ تالیفات قرآن کریم اور سنت مطہرہ کی روشنی میں لکھی گئیں ہیں۔ اور آپ کی درج ذیل تالیفات ہیں: مترجم قرآن پاک فارسی (فتح الرحمان فی ترجمۃ القرآن)، حجۃ اللہ البالغہ، ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء اور الفوز الکبیر وغیرہ۔ اور اس وقت سے اب تک آپ کی تالیفات۔ علماء، مفکرین اور سکالرز حضرات کے لیے مشعل ہیں اور لوگ اپنے علمی مقالات میں ان کو مصادر گردانتے ہیں اور یونیورسٹیز میں نصاب سلیبس ہیں۔)

تمرین (۶۴)

اِقْرَأْ الْأَسَالِيْبَ الْآتِيَةَ بِالدِّقَّةِ وَاسْتَعْمِلْ كُلًّا مِنْهَا فِيْ جُمْلَتَيْنِ مِنْ عِنْدِكَ.

(۱) رَابِطُ الْجَأْشِ وَ مُطْمَئِنُّ الْبَالِ. (۲) تُضْرَبُ بِهِمِ الْأَمْثَالُ

(۳) لِسَانُ صِدْقٍ فِيْ الْآخِرِيْنَ.

(درج ذیل اسلوب کو غور سے پڑھیئے اور ہر ایک کو دو جملوں میں اپنی جانب سے استعمال کیجیے۔)

الجواب: (۱) هُوَ يَرْبُطُ قَافِلَةَ الْإِسْلَامِ وَيَقُوْدُهَا.

(وہ اسلام کے قافلہ کو جوڑتا ہے اور اس کی قیادت کرتا ہے۔)

(۲) تُضْرَبُ بِهِمِ الْأَمْثَالُ

كَانَتْ تَلَامِذَتُهُ الْأَتْقِيَاءُ وَالْبَرَرَةَ وَلِذَا تُضْرَبُ بِهِ الْأَمْثَالُ.

(اس کے شاگرد متقی اور نیک تھے۔اسی بناء پراُن کی مثالیں دی جاتی ہیں۔)

(۳) لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْآخِرِيْنَ.

اَيْ كَانُوْا صَادِقِيْنَ فِي الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ وَاشْتَهَرُوْا بَعْدَ مَوْتِهِمْ بِالصِّدْقِ فِي النَّاسِ.

(یعنی وُہ لوگ قول وفعل میں سچے تھےاور مرنے کے بعدلوگوں میں سچائی کے ساتھ مشہور ہوئے۔)

تمرین (٦٥)

(۱) مَا هِيَ قَوَاعِدُ طَلَبِ الْعِلْمِ عِنْدَ اِمَامِ الْحَرَمَيْنِ؟

(امام الحرمین کے نزدیک علم حاصل کرنے کے کیا قواعد ہیں؟)

الجواب: وَ هِيَ الْآتِيَةِ.

(۱) ذَكَاءٌ، (۲) حِرْصٌ، (۳) اِجْتِهَادٌ، (۴) بُلْغَةٌ، (۵) تَلْقِيْنُ اُسْتَاذٍ،

(٦) طُوْلُ زَمَانٍ

(اور وُہ درج ذیل ہیں: (۱) ہوشیار رہنا، (۲) جستجو کرنا، (۳) محنت کرنا، (۴) عالی ہمت ہونا، (۵) زیادہ وقت دینا)

(۲) مَا هِيَ الصِّفَاتُ الَّتِيْ يَجِبُ اَنْ يَتَحَلّٰى بِهَا كُلُّ طَالِبٍ؟

(وہ کون سی صفات ہیں جن کے ساتھ ہر طالب علم کومتصف ہونا لازمی ہے؟)

الجواب: وَهِيَ الْآتِيَةِ: (۱) حُسْنُ النِّيَّةِ (۲) اَلْاِبْتِعَادُ عَنِ الْمَعَاصِيْ (۳) تَطْهِيْرُ الْقَلْبِ (۴) اَلصَّبْرُ عَلٰى ضَنْكِ الْعَيْشِ (۵) اِلْتِزَامُ الْوَرَعِ (٦) اَلتَّوَاضُعُ لِشَيْخِهٖ (۷) اَلْاَدَبُ فِيْ خِطَابِ شَيْخِهٖ (۸) اَلصَّبْرُ عَلٰى جَفْوَةِ الشَّيْخِ (۹) اَلْاَدَبُ مَعَ حَاضِرِي الْمَجْلِسِ.

(اور وُہ صفات درج ذیل ہیں: (۱) نیک نیت کا ہونا (۲) گناہوں سے دُور رہنا (۳) دل کا پاکیزہ ہونا (۴) معیشت کی تنگی پر صبر کرنا (۵) زہد وتقویٰ کو اختیار کرنا (٦) استاد کے سامنے

عاجزی اختیار کرنا (۷) اپنے استاد سے باادب مخاطب ہونا (۸) استاد کی سختی پر صبر کرنا (۹) شرکاءِ مجلس کے ساتھ باادب بیٹھنا۔)

(۳) بِمَاذَا يَنْصَحُ الْإِمَامُ الشَّافِعِيُّ طَالِبَ الْعِلْمِ؟

(امام شافعی۔ طالب علم کو کیا نصیحت کرتا ہے؟)

الجواب: يَنْصَحُ الْإِمَامُ الشَّافِعِيُّ طَالِبَ الْعِلْمِ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ.

(امام شافعیؒ طالب علم کو گناہوں کے چھوڑنے کی نصیحت کرتا ہے۔)

تمرين (٦٦)

اُكْتُبْ مَقَالَةً عَنْ آدَابِ الْمُتَعَلِّمِ فِيْ ضَوْءِ مَا دَرَسْتَهُ فِيْ هٰذَا الدَّرْسِ؟

(اس سبق کی روشنی میں جو آپ نے "آدابِ متعلم" کے بارے میں پڑھا ہے ایک مضمون لکھیں۔)

الجواب: لَا يَخْفٰى عَلَى الْمُتَعَلِّمِ أَنَّ دِرَاسَةَ الْعُلُوْمِ الشَّرْعِيَّةِ مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ وَالْحَدِيْثِ النَّبَوِيِّ الشَّرِيْفِ وَ السِّيْرَةِ وَالْفِقْهِ وَاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ مِنْ أَفْضَلِ الْأَعْمَالِ، وَالْعِنَايَةُ بِنَشْرِهَا وَ تَعْلِيْمِهَا أَيْضًا عِبَادَةٌ جَعَلَ اللّٰهُ لَهَا شَرَفًا وَفَضْلًا عَظِيْمًا، فَاصْطَفٰى لَهَا رُسُلَهُ وَ أَنْبِيَاءَهُ مِنْ خَيْرِ خَلْقِهِ.

وَيَنْبَغِيْ لِطَالِبِ الْعِلْمِ أَلَّا يُخَاطِبَ شَيْخَهُ بِنَاءِ الْخِطَابِ وَكَافِهِ وَلَا يُنَادِيْهِ مِنْ بَعِيْدٍ، بَلْ يَقُوْلُ يَا سَيِّدِيْ، وَ يَا أُسْتَاذِيْ، وَمَا تَقُوْلُوْنَ فِيْ كَذَا وَقَالَ شَيْخُنَا الْفَاضِلُ كَذَا.

ثُمَّ يَنْبَغِيْ لَهُ أَنْ يَتَأَدَّبَ مَعَ حَاضِرِيْ مَجْلِسِ الشَّيْخِ، فَإِنَّهُ، أَدَبٌ مَعَهُ وَ اِحْتِرَامٌ لِمَجْلِسِهِ وَهُمْ رُفَقَاءُهُ، فَيُوَقِّرُ أَصْحَابَهُ وَيَحْتَرِمُ كُبَرَاءَهُ وَ أَقْرَانَهُ، وَلَايَجْلِسُ وَسْطَ الْحَلْقَةِ وَلَا قُدَامَ أَحَدٍ إِلَّا لِضَرُوْرَةٍ.

(یہ بات طالب علم پر مخفی نہیں ہے کہ شرعی علوم کی پڑھائی مثلاً قرآن حکیم، حدیث نبوی، سیرت، فقہ، عربی زبان وغیرہ افضل اعمال ہیں اور ان علوم کا اہتمام، ان کی تعلیم وتدریس اور نشر واشاعت عبادت ہے۔ ان علوم کو اللہ تعالیٰ نے بہت شرف ومقام دیا ہے۔ اسی بناء پر

بہترین مخلوق یعنی انبیاء ورُسل کا انتخاب کیا۔ ایک طالب علم کے لیے لائق ہے کہ اپنے استاد کو ''تُو ں'' سے نہ پکارے اور نہ دُور سے آواز دے۔ بلکہ کہے اے میرے سَر! اے میرے استاذ اور آپ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ یا کیسے ہمارے فاضل شیخ نے یوں کہا۔
پھر طالب علم کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ استاد کی مجلس میں بیٹھے موجود طلبہ کی عزت کرے اور ادب سے پیش آئے۔ کیونکہ وہ اس کے کلاس فیلوز ہیں اور اپنے رفقاء کی عزت وتکریم کرے، اپنے بڑوں کا احترام کرے اور نہ ہی دائرہ کے درمیان میں بیٹھے ورنہ کسی کے آگے البتہ مجبوری کے حالات میں۔)

تمرين (٦٧)

اِمْلَئِا الْفَرَاغَاتِ حَسْبَ مَا قَرَأْتَهُ فِي الدَّرْسِ مِنَ الْآدَابِ الَّتِي يَجِبُ عَلَى طَالِبِ الْعِلْمِ الْإِلْتِزَامَ بِهَا:
(خالی جگہوں کو پُر کیجیے اُن اداب سے جن پر طالب علم کے لیے لازم ہے کہ اُن پر عمل کرے۔)

الجواب: (۱) حُسْنُ النِّيَّةِ (۲) وَالْإِبْتِعَادُ عَنِ الْمَعَاصِيْ (۳) وَ تَطْهِيْرُ الْقَلْبِ (۴) وَ الصَّبْرُ عَلٰى ضَنْكِ الْعَيْشِ (۵) وَالْتِزَامُ الْوَرَعِ (۶) وَ التَّوَاضُعُ لِشَيْخِهِ (۷) وَالْأَدَبُ فِيْ خِطَابِ شَيْخِهِ (۸) وَالصَّبْرُ عَلٰى جَفْوَةِ الشَّيْخِ (۹) الْأَدَبُ مَعَ حَاضِرِيْ الْمَجْلِسِ.

تمرين (٦٨)

أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ: (درج ذیل کا جواب دیجیے۔)

(۱) مَا قَرَابَةُ عُثْمَانَ مِنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ؟ عَمَّ سَأَلَهُ؟
(عثمان کی عبدالعزیز سے کیا رشتہ داری ہے؟)

الجواب: هُوَ ابْنُ عَمِّهِ. (وہ آپ کے چچا کا بیٹا (چازاد بھائی) ہے۔)

وَسَأَلَهُ هَلْ سَتُوَا صِلَ دِرَاسَتَكَ؟
(اور اس سے سوال کیا کہ تو اپنی پڑھائی میں تسلسل رکھ رہا ہے۔)

(۲) مَاذَا قَرَّرَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ. (عبدالعزیز نے کیا فیصلہ کیا؟)

الجواب: قَرَّرَ أَنْ يُّوَاصِلَ دِرَاسَتَهٗ. (اس نے پڑھائی کو تسلسل رکھنے کا فیصلہ کرلیا۔)

(۳) إِلٰى مَنْ يَّحْتَاجَ بَلَدُنَا؟ (ہمارا ملک کس چیز کا محتاج ہے؟)

الجواب: يَحْتَاجُ بَلَدُنَا إِلٰى مَنْ يُّقَوِّمُنَا بِتَعْلِيْمِنَا أُمُوْرِ دِيْنِنَا.

(ہمارے ملک میں اُن شخصیات کا محتاج ہے جو ہمیں ہمارے مذہب کے مسائل بتائیے۔)

(۴) اِشْرَحْ لِمَاذَا يَتَعَلَّمُ طُلَّابُ الْعُلُوْمِ الشَّرْعِيَّةِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ أَوَّلًا؟

(علوم شرعیہ کے طالب علم سب سے پہلے عربی زبان کیوں سیکھتے ہیں؟)

الجواب: لِيَكُوْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا إِلٰى التَّفَقُّهِ فِيْ عُلُوْمِ الدِّيْنِ مِنَ الْعَقِيْدَةِ وَ تَفْسِيْرِ الْقُرْآنِ وَ الْحَدِيْثِ وَالْفِقْهِ الْإِسْلَامِيِّ.

(تاکہ دینی علوم میں سے عقیدہ، قرآن وحدیث اور فقہ اسلامی کو سمجھ سکے۔)

(۵) مَا فَضْلُ دِرَاسَةِ الْعُلُوْمِ الشَّرْعِيَّةِ؟ اِشْرَحْ مَعَ أَدِلَّتِكَ مِنَ الْقُرْآنِ وَالْحَدِيْثِ.

(علوم شرعیہ کی پڑھائی کی کیا فضیلت ہے؟ قرآن وحدیث کے دلائل کے ساتھ تشریح کیجیے۔)

الجواب: عُلُوْمُ الْقُرْآنِ وَالْحَدِيْثِ وَالْعَقِيْدَةِ وَالْفِقْهِ كُلُّهَا عُلُوْمٌ شَرْعِيَّةٌ، وَدَارِسُهَا يَتَّخِذُ السَّبِيْلَ الَّذِيْ سَلَكَهُ الرُّسُلُ وَالْأَنْبِيَاءُ، وَيَرِثُ نَبِيَّنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْ بَعَثَهُ اللّٰهُ لِيُرْشِدَ النَّاسَ إِلٰى دِيْنِ الْحَقِّ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الشِّرْكِ وَالْكُفْرِ، وَ عُلَمَاءُ الْإِسْلَامِ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ، حَيْثُ يَرِثُوْنَ عُلُوْمَهُمْ وَدَعْوَتَهُمْ، وَهٰذَا شَرَفٌ لَيْسَ فَوْقَهٗ شَرَفٌ.

(قرآن وحدیث، عقیدہ، فقہ کے علوم۔علوم شرعیہ کے تمام علوم ہیں۔ان کی سٹڈی کرنے والا انبیاء ورسل کی راہ پر چل رہا ہے اور ہمارے نبی مکرم ﷺ کا وارث ہے۔جن کو اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی راہنمائی کے لیے بھیجا اور جو لوگوں کو شرک وکفر سے منع کرتا ہے۔اور علمائے اسلام۔ انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں اور یہ ایسا شرف ہے، کہ اُس کے اوپر کوئی شرف نہیں ہوسکتا۔)

تمرین (۶۹)

أَجِبْ عَمَّا يَأْتِي: (درج ذیل کا جواب دیجیے۔)

(۱) لِمَ يَفْتَخِرُ الشَّاهُ وَلِيَ اللّٰهِ الدِّهْلَوِيُّ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ؟

(شاہ ولی اللہ دہلویؒ عربی زبان پر کیوں فخر کرتے ہیں؟)

الجواب: لِأَنَّهَا هِيَ لُغَةُ الْقُرْآنِ وَ تَرْبِطُنَا بِخَيْرِ الْبَشَرِ وَ أَفْضَلِ الْأَنْبِيَاءِ وَ فَخْرِ الْعَالَمِيْنَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ.

(اس لیے کہ یہ قرآن پاک کی زبان ہے۔ اور یہ عربی زبان- ہمارے خیر البشر، افضل الأنبیاء اور فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے رابطہ کی زبان ہے۔)

(۲) مَا فَحْوىٰ رِسَالَةُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى الْمُجَاهِدِيْنَ؟

(حضرت عمرؓ کا مجاہدین کو خط لکھنے کا کیا مقصد تھا؟)

الجواب: خَشِيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنْ يَتَّخِذُوْا عَادَاتِ الْمُشْرِكِيْنَ وَ تَقَالِيْدَهُمْ وَيَتْرُكُوْا مَبَادِئَ الْإِسْلَامِ وَ سُنَنَهُ

(حضرت عمرؓ کو خدشہ لاحق ہوا کہ نو مسلم کہیں مشرکین کی عادات نہ اپنالیں اور اُن کی کہیں روایات نہ اختیار کرلیں اور اسلام کے فرائض وسنن سے غافل نہ ہوجائیں۔)

(۳) اِشْرَحْ الْأَنْوَاعَ الْأَرْبَعَةَ مِنَ الرُّسُوْمِ الْقَبِيْحَةِ مَعَ ذِكْرِ حُكْمِ الْإِسْلَامِ فِيْ كُلٍّ مِّنْهَا فِيْ ضَوْءِ الدَّرْسِ.

(چار قسم کی غلط رسوم کی وضاحت کریں اور سبق کی روشنی میں اسلام کا حکم ذکر کریں؟)

(۱) عَدَمُ السَّمَاحِ بِنِكَاحِ الْأَرَامِلِ. (بیوہ عورتوں سے نکاح کی اجازت نہ دینا۔)

الجواب: يَأْمُرُ الْإِسْلَامُ السَّمَاحَ بِنِكَاحِ الْأَرَامِلِ.

(اسلام- بیوہ عورتوں سے نکاح کی اجازت دیتا ہے۔)

(۲) اَلْمَغَالَاةُ فِي الْمُهُوْرِ. (حق مہروں میں مہنگائی۔)

الجواب: جَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِدَاقَ أَهْلِ بَيْتِهِ اللَّاتِيْ هُنَّ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ

اِثْنَتَيْ عَشَرَةَ أُوْقِيَةً وَنَشاً، وَيَبْلُغُ مَجْمُوْعُهَا خَمْسُمِائَةِ دِرْهَمٍ.
(نبی مکرم ﷺ نے اپنے اہل خانہ کا حق مہر بارہ اوقیہ مقرر کیا جس کی مبلغ رقم پانچ سو درہم ہے۔)

(۳) اَلْإِسْرَافُ فِيْ الْأَفْرَاحِ. (خوشیوں میں فضول خرچی۔)
اَلْإِسْرَافُ فِيْ الْأَفْرَاحِ دُوْنَ الْوَلِيْمَةِ وَالْعَقِيْقَةِ مَمْنُوْعٌ.
(ولیمہ اور عقیقہ کے سوا خوشیوں میں فضول خرچی منع ہے۔

(۴) اَلْإِسْرَافُ فِيْ الْمَآتِمِ. (ماتم میں فضول خرچی۔)
مَثَلًا فَاتِحَةُ الْيَوْمِ الثَّالِثِ عَلَى الْمَيِّتِ وَالْيَوْمِ الْأَرْبَعِيْنَ وَالشَّهْرِ السَّادِسِ وَالْفَاتِحَةُ السَّنَوِيَّةُ.
(مثال کے طور پر تیجا، چالیسواں، ششماہی اور سالانہ ختم وغیرہ۔)

تمرین (۷۰)

اُذْكُرْ بَعْضًا مِنَ الْبِدَعِ الْمُنْتَشِرَةِ فِيْ الْمَآتِمِ، وَكَيْفَ يُمْكِنُ إِصْلَاحُهَا.
(ماتم میں اُن چند بدعات کا ذکر کریں۔ جو رواج پکڑ چکی ہیں۔ اور اُن کی اصلاح کیسے ممکن ہے؟)

الجواب: (۱) فَاتِحَةُ الْيَوْمِ الثَّالِثِ عَلَى الْمَيِّتِ. (۲) فَاتِحَةُ الْيَوْمِ الْأَرْبَعِيْنَ.
(۳) فَاتِحَةُ الشَّهْرِ السَّادِسِ. (۴) اَلْفَاتِحَةُ السَّنَوِيَّةُ.

وَيُمْكِنُ إِصْلَاحُهَا أَنْ يَكُوْنَ الْإِكْتِفَاءُ بِتَقْدِيْمِ التَّعَازِيْ لِوَرَثَةِ الْمَيِّتِ لِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ وَأَنْ تَجْتَمِعَ نِسَاءُ أَهْلِهِ إِلَّا زَوْجَةُ الْمَيِّتِ فَإِنَّهَا تَقْطَعُ الْحِدَادَ عَلَيْهِ بَعْدَ انْقِضَاءِ عِدَّتِهَا.

(۱۔ تیجا ۲۔ چالیسواں ۳۔ ششماہی ختم ۴۔ سالانہ ختم ان کی اصلاح اس صورت میں ممکن ہے کہ میت کے وارث لوگ تین دن تک سوگ منائیں اور اُس خاندان کی عورتیں تین دنوں کے بعد خوشبو وغیرہ استعمال کریں البتہ میت کی بیوی تین دن کے بعد بھی چار ماہ دس دن سوگ منائے گی اور عدت میں رہے گی۔)

تمرین (۷۱)

مَا وَاجِبُ الْمُسْلِمِ تِجَاهُ مَا يَرَاهُ مِنَ الْبِدْعِ الْمُنْتَشِرَةِ فِي الْمُجْتَمِعِ؟ وَكَيْفَ يَسْعٰى لِتَطْهِيْرِ عَقِيْدَةِ الْمُسْلِمِ مِنْهَا؟

(معاشرہ میں جو بدعات رونما ہو چکی ہیں ایک مسلمان کس طرح کنارہ کشی کر سکتا ہے؟)

الجواب: يَجِبُ عَلَيْنَا أَنْ نَعْمَلَ بِالْقُرْآنِ وَالْحَدِيْثِ وَ أَنْ لَّا نَنْخَدِعَ بِالْعَادَاتِ وَالرُّسُوْمَاتِ الْهِنْدِيَّةِ الْقَبِيْحَةِ.

(ہم پر واجب ہے کہ ہم قرآن وحدیث پر عمل کریں اور یہ کہ ہم ہندوستان کی بری رسومات سے دُور رہیں۔)

تمرین (۷۲)

كَيْفَ تَعَرَّفَتْ بِلَادُ الْهِنْدِ عَلٰى دَعْوَةِ الْإِسْلَامِ؟

(ہندوستان ملک میں اسلامی دعوت کا کیسے پرچار ہوا؟)

الجواب: فَقَدْ كَانَتِ الْهِنْدُ قَبْلَ الْفَتْحِ الْإِسْلَامِيِّ مَأْهُوْلَةً بِالْهُنْدُوْسِ، وَالسُّكَّانِ الْفِطْرِيِّيْنَ الْبَدَائِيِّيْنَ وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ يَتَّصِلُوْنَ بِهَا، وَيَتَعَامَلُوْنَ مَعَ أَهْلِهَا مُنْذُ بَدَءَتْ الدَّعْوَةُ الْمُحَمَّدِيَّةُ.

(فتح اسلامی سے پہلے ہندوستان میں ہندوؤں آباد تھے۔ اور وہاں کے فطرتی طور پر شروع کے رہائشی تھے اور مسلمانوں کا اُن کے ساتھ اُٹھنا اور بیٹھنا تھا اور اُن کے ساتھ اکٹھے معاملات تھے جب دعوت محمد یہ کا آغاز ہوا تو مسلمان الگ تھلگ ہو گئے۔)

تمرین (۷۳)

مَا أَوَّلُ حِزْبٍ هَتَفَ لِلدِّفَاعِ عَنْ حُقُوْقِ الْمُسْلِمِيْنَ فِي الْهِنْدِ الَّتِيْ كَانَتْ تَرْزَحُ تَحْتَ الْإِسْتِعْمَارِ الْإِنْجَلِيْزِيِّ؟

وَمَا كَانَ أَهْدَافُهٗ (وہ کون سی پہلی جماعت ہے۔

جس نے مسلمانوں کے حقوق کا دفاع کیا اور ہندوستان میں وہ کون سی جماعت تھی جو انگریز کی زیر یلغار تھی اور اُس کے کیا اہداف تھے؟)

الجواب: وَ هُوَ حِزْبُ الْعَصَبَةِ الْمُسْلِمَةِ، وَقَدْ تَمَّ تَأْسِيْسَهُ سَنَةَ ١٩٠٦م، وَأَخَذَ يُدَافِعُ عَنِ الْأُمَّةِ الْإِسْلَامِيَّةِ فِيْ تَقْرِيْرِ مَصِيْرِهَا، وَيَعْمَلُ جَاهِدًا لِإِنْقَاذِهَا مِنْ سَيْطَرَةِ الْهُنْدُوْسِ، عَلَى الْأَقَلِّ فِي الْأَقَالِيْمِ الَّتِيْ يُؤَلِّفُ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْهَا أَكْثَرِيَّةَ السُّكَّانِ.

(اور مسلم لیگ وہ پہلی جماعت ہے۔ جو سال 1906ء میں معرضِ وجود میں آئی۔ اور اس کے اہداف میں سے تھا، اپنے مستقبل کا خود فیصلہ کرنا امت مسلمہ کا دفاع کرنا، اور ہندوستان کا قبضہ ختم کرنا اور جس صوبہ میں مسلمانوں کی تعداد تھوڑی ہے، اس صوبہ کے ساتھ روابط رکھنا جن میں مسلمانوں کی تعداد زیادہ تھی۔)

تمرین (۷۴)

مَنْ قَدَّمَ فِكْرَةَ إِنْشَاءِ بَاكِسْتَانْ؟ وَمَتٰى؟ وَمَنْ تَبَنَّاهَا؟

(پاکستان بنانے کی کس نے سوچ دلائی؟ اور پاکستان کب معرضِ وجود میں آیا؟)

الجواب: اَلشَّاعِرُ مُحَمَّدُ اِقْبَالْ قَدَّمَ فِكْرَةَ إِنْشَاءِ بَاكِسْتَانْ، وَقَدْ أَقَرَّ حِزْبُ الْعَصَبَةِ الْمُسْلِمَةِ هٰذِهِ الْفِكْرَةَ، وَاتَّخَذَهَا هَدَفًا سِيَاسِيًّا لَهُ بِصُوْرَةٍ رَسْمِيَّةٍ سَنَةَ ١٩٤٠م. فَاتَّخَذَ الْحِزْبَ بِزَعَامَةِ مُحَمَّدَ عَلِيْ جَنَاحْ فِيْ لَاهُوْرْ قَرَارًا، طَالَبَتْ فِيْهِ بِتَقْسِيْمِ بِلَادِ الْهِنْدِ، وَ إِنْشَاءِ بَاكِسْتَانْ وَفِيْ ١٩٤٦م جَاءَتْ بِعْثَةُ الْحُكُوْمِيَّةِ الْبَرِيْطَانِيَّةَ الَّتِيْ طَالَبَهَا مُحَمَّدُ عَلِيْ جَنَاحْ بِانْشَاءِ بَاكِسْتَانْ وَفِيْ ١٤ أَغُسْطُسْ ١٩٤٧م، تَأَسَّسَتْ بَاكِسْتَانَ بِزَعَامَةِ مُحَمَّدْ عَلِيْ جَنَاحْ.

(شاعر محمد اقبالؒ نے پاکستان بنانے کی سوچ دلائی، اور مسلم لیگ نے اس سوچ پر عمل کیا اور اُسے سیاسی ہدف ۱۹۴۰ء میں پکڑا چنانچہ مسلم لیگ نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی قیادت میں ایک قرارداد پیش کی اور برصغیر کی تقسیم کا مطالبہ کردیا اور پاکستان ایک الگ ملک بنانے کا

فیصلہ دے دیا۔ ۱۹۴۶ء میں قائداعظم محمد علی جناح نے برطانوی حکومت سے پاکستان بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ اور ۱۴، ۱۱ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان معرضِ وجود میں آیا۔)

تمرین (۷۵)

لِمَاذَا أُقِيْمَتْ بَاكِسْتَانُ؟ وَهَلْ تَحَقَّقَتْ الْأَهْدَافُ الْمَنْشُوْدَةُ عِنْدَ قِيَامِهَا؟ نَاقِشِ الْفِكْرَةَ مَعَ زُمَلَائِكَ فِيْ الْفَصْلِ.

(پاکستان ایک الگ ملک کیوں بنایا گیا؟ اور قیام پاکستان کے وقت جو اہداف تھے، کیا وہ حاصل کر لیے گیے ہیں۔ کلاس میں ایک اپنے کلاس فیلوز کے ساتھ اپنی آراء سیئر کریں؟)

الجواب: وَقَدْ صَرَّحَ مُحَمَّدْ عَلِيْ جَنَاحْ (مؤسّس باكستان): إِنَّ ما نَاضَلْنَا فِيْ سَبِيْلِهِ خَلَالَ السَّنَوَاتِ الْعَشْرِ الْمَاضِيَةِ أَلَاوَهُوَ تَأْسِيْسُ بَاكِسْتَانُ هُوَ إِيْجَادُ وَطَنٍ تَسْتَطِيْعُ أَنْ نَّعِيْشَ فِيْهِ، وَ نَتَقَدَّمُ حَسْبَ ثِقَافَتِنَا وَ مُيُوْلِنَا، وَحَيْثُ تَسُوْدُ مَبَادِئُ الْعَدْلِ الْإِجْتِمَاعِيِّ الْإِسْلَامِيِّ.

وَقَدْ أَقَرَّتْ الْجَمِيْعِيَّةُ التَّأْسِيْسِيَّةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ فِيْ مَارِسْ ۱۹۴۹م الْأَهْدَافَ الدُّسْتُوْرِيَّةَ لٰكِنْ مَا تَحَقَّقَتْ الْأَهْدَافُ الْمَنْشُوْدَةُ.

(اور بانی پاکستان محمد علی جناحؒ نے وضاحت کی کہ بلاشبہ ہم نے گزشتہ دس سال سے جو جدوجہد کی ہے دراصل وہ قیام پاکستان تھا۔ اُن کا مقصد الگ خطہ لینا مقصود نہ تھا۔ بلکہ ایک ایسے وطن کا حصول تھا جس میں آزاد ہو کر زندگی بسر کریں، اور اپنی تہذیب و ثقافت کو مقدم رکھیں، اور ہم اس ملک میں اسلامی اصلاحات اور دل و انصاف کا نظام چلا سکیں۔ اسی طرح دستور ساز اسمبلی نے مارچ ۱۹۴۹ء میں دستوری آئین پاس کیے لیکن وہ منصۂ شہود پر نہ آسکے۔)

تمرین (۷۶)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ: (درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔)

(۱) **لِمَاذَا أَرْكَبَ الْعَرَبِيُّ الْيَهُوْدِيَّ خَلْفَهُ؟**

(عربی نے یہودی کو اپنے پیچھے کیوں سوار کیا؟)

الجواب: اَشْفَقَ عَلَيْهِ الْعَرَبِيُّ، وَ دَعَا اِلٰى الرَّكُوْبِ خَلْفَهٗ.

(عربی نے اس پر شفقت کی، اوراپنے پیچھے سوار ہونے کی دعوت دی۔)

(۲) مَاذَا قَالَ الْيَهُوْدِيُّ فِيْ الْمَرَّةِ الْأُوْلٰى؟ (یہودی نے پہلی بار کیا کہا؟)

الجواب: مَا أَقْوىٰ "حِصَانُكَ" هٰذَا وَأَسْرَعُهٗ! (کس قدر تیرا کھچر طاقتور اور تیز ہے۔)

(۳) وَمَاذَا قَالَ فِيْ الْمَرَّةِ الثَّانِيَةِ. (یہودی نے دوسری بار کیا کہا؟)

الجواب: مَا أَقْوىٰ "هٰذَا الْحِصَانُ" وَ أَسْرَعُهٗ! (کس قدر یہ کھچر طاقتور اور تیز ہے؟)

(۴) وَمَاذَا قَالَ فِيْ الْمَرَّةِ الثَّالِثَةِ؟ لِمَاذَا غَيَّرَ قَوْلَهٗ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ؟

(یہودی نے تیسری بار کیا کہا؟ اُس نے ہر بار اپنی بات کو تبدیل کیوں کیا؟)

الجواب: مَا أَقْوىٰ "حِصَانُنَا هٰذَا" وَ أَسْرَعُهٗ. (کس قدر یہ ہمارا کھچر طاقتور اور تیز ہے۔)

وَكَانَ الْيَهُوْدِيُّ مَكَّارًا (اور یہودی مکار تھا۔)

(۵) مَاذَا أَدْرَكَ الْعَرَبِيُّ مِنْ مَكْرِ الْيَهُوْدِيِّ؟ وَمَا فَعَلَ؟

(یہودی کے مکروفریب سے عربی نے کیا محسوس کیا اور عربی نے کیا کام کیا؟)

الجواب: اِنَّهٗ أَحَسَّ هُوَ قَابِضٌ حِصَانِيْ وَقَالَ ذٰلِكَ طَبْعُ الْيَهُوْدِ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ.

(عربی نے محسوس کیا کہ وہ میری سواری پر قبضہ جمانے والا ہے اور چونکہ یہ یہودی اور یہود نے ہمیشہ ہر جگہ مکاری کی ہے۔)

تمرين (۷۷)

(۱) لِمَاذَا فَكَّرَ الْيَهُوْدُ فِيْ الْهِجْرَةِ إِلٰى فِلَسْطِيْنَ؟

(یہود نے فلسطین کی طرف ہجرت کا کیوں سوچا؟)

الجواب: أَنْ تَكُوْنَ فِلَسْطِيْنُ وَطَنًا قَوْمِيًّا لَهُمْ.

(یہ کہ فلسطین اُن کا قومی وطن ہو جائے۔)

(۲) مَا دَوْرُ الْيَهُوْدِ وَبَرِيْطَانِيَا فِيْ إِثَارَةِ الْخِلَافَاتِ بَيْنَ الْأَتْرَاكِ وَالْعَرَبِ؟

(یہود اور برطانیہ کا ترکوں اور عربوں میں اپنی بادشاہت قائم کرنے کا کیا کردار ہے؟)

الجواب: إِنَّ بَرِيْطَانِيَّا مَنَحَتْ لَهُمْ أَرْضًا عَرَبِيَّةً لَا تَمْلِكُهَا لِكَيْ يُقِيْمُوْا فِيْهَا وَطَنَهُمْ. وَلَهَا دَوْرٌ بَارِزٌ فِيْ هَدْمِ الْخِلَافَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ.

(بے شک برطانیا نے عرب کی زمین یہود کو ہبہ کر دی تا کہ یہود وہاں اپنا وطن بنا سکیں اور ان دونوں نے اسلامی خلافت کو منہدم کرنے میں بڑا کردار ادا کیا۔)

(۳) مَاذَا كَانَ مَوْقِفُ السُّلْطَانِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الثَّانِيْ اِقْتِرَاحَهُمْ لِمَا فِيْهِ مِنْ خِطَرٍ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَ مُقَدَّسَاتِهِمْ، وَ أَصْدَرَ قَانُوْنًا حَرَّمَ فِيْهِ دُخُوْلَ الْيَهُوْدِ إِلَى فِلَسْطِيْنَ لِلْإِقَامَةِ فِيْهَا.

(سلطان عبدالحمید ثانی نے اُن کی اصلاحات کو مسترد کر دیا۔ اُس میں مسلمانوں اور ان کے مقدس مقامات کے بارے میں خطرات محسوس ہو رہے تھے چنانچہ آپ نے ایک قانون بنا دیا کہ یہود کا فلسطین میں اقامت گزین ہونا حرام ہے۔)

تمرین (۷۸)

(۱) مَادَوْرُ بَرِيْطَانِيَّا فِيْ قِيَامِ إِسْرَائِيْلَ؟ (اسرائیل کے قیام میں برطانیہ کا کیا کردار ہے؟)

الجواب: وَلَمَّا اِنْتَهَتْ بَرِيْطَانِيَا اِحْتِلَالِهَا لِفِلَسْطِيْنَ فِيْ ۱۵ مَايُوْ ۱۹۴۸م أَعْلَنَ الْيَهُوْدُ قِيَامَ دَوْلَةِ إِسْرَائِيْلَ.

(جب برطانیہ نے فلسطین پر ۱۵ مئی ۱۹۴۸ء کو قبضہ جما لیا تو یہود نے سلطنت اسرائیل کے قیام کا اعلان کر دیا۔)

(۳) مَا دَوْرُ أَمْرِيْكَا وَرُوْسِيَا فِيْ دَعْمِ إِسْرَائِيْلَ؟

(امریکہ اور روس کا اسرائیل کو تقویت دینے میں کیا کردار ہے؟)

الجواب: ۱۔ شُغْلُ الدُّوَلِ الْعَرَبِيَّةِ عَنِ النُّهُوْضِ بِأَحْوَالِهَا الْاِقْتِصَادِيَّةِ وَالْاِجْتِمَاعِيَّةِ.

(عرب سلطنتوں کو اجتماعی و اقتصادی حالات کو ترقی کی راہوں سے روکنا۔)

۲۔ إِيْجَادُ عَائِقٍ يَمْنَعُ الْاِتِّصَالُ الْبَرِيُّ بَيْنَ الْبِلَادِ الْعَرَبِيَّةِ. وَ بِذَالِكَ يَتَعَسَّرُ اِتِّحَادُ الْعَرَبِ، الَّذِيْ هُوَ أَسَاسُ قُوَّتِهِمْ.

(ایسا طریقہ ایجاد کرنا کہ جس سے عرب کے علاقوں کا خشکی راستہ بند ہو جائے اس سے عرب کا اتحاد متاثر ہوگا۔ وہ ان کی قوت کی بنیاد ہے۔)

(۳) جَعْلُ إِسْرَائِيْلَ وَسِيْلَةٌ عَلَى الدُّوَلِ الْعَرَبِيَّةِ لِوُجُوْدِهَا وَسْطِ الْأَرَاضِي الْعَرَبِيَّةِ وَ عَنْ هٰذَا الطَّرِيْقِ يُنَفِّذُ الْإِسْتِعْمَارُ خُطَطَهُ.

(اسرائیل کو عرب علاقوں پر قابض بنانا اور عرب علاقوں کے وسط میں اسرائیل کا ڈیرہ ڈالنا، ان عزائم سے وہ اپنے منصوبوں کو پورا کرنا چاہتے ہیں۔)

تمرین (۷۹)

(۱) هَلْ قَضِيَّةُ فِلِسْطِيْنَ قَضِيَّةُ الشَّعْبِ الْفَلَسْطِيْنِيِّ فَقَطْ؟

(کیا مسئلہ فلسطین، صرف فلسطین کی قوم کا مسئلہ ہے؟)

الجواب: لَا، لَيْسَ قَضِيَّةُ فِلِسْطِيْنَ قَضِيَّةُ الشَّعْبِ الْفَلَسْطِيْنِيِّ بَلْ قَضِيَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ.

(نہیں، مسئلہ فلسطین صرف فلسطین کی قوم کا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ پوری قوم کا مسئلہ ہے۔)

(۲) مَاذَا يَجِبُ عَلَيْنَا نَحْوَ إِخْوَانِنَا الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ فِلِسْطِيْنَ؟

(فلسطین میں اپنے مسلمان بھائیوں کی کون سی مدد کرنا ضروری ہے؟)

الجواب: يَجِبُ عَلَيْنَا نَحْوَ إِخْوَانِنَا الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ فِلِسْطِيْنَ بِالْمَالِ وَالْجِهَادِ وَالْعِزَّةِ وَالدَّعْمِ.

(ہم پر واجب ہے کہ ہم فلسطین میں اپنے مسلمان بھائیوں کی مال، جہاد، عزت اور تقویت دینے میں مدد کریں۔)

تمرین (۸۰)

(۱) مَا أَهَمِّيَّةُ وِلَايَةِ جَامُوْ وَكَشْمِيْرِ؟ وَ مَتٰى بَدَأَ عَهْدُهَا الْإِسْلَامِيُّ؟

(ریاست جموں و کشمیر کی کیا اہمیت ہے؟ اور اس کا اسلامی دور کب شروع ہوا؟)

الجواب: تَقَعُ وِلَايَةُ جَامُوْ وَ كَشْمِيْرِ فِيْ وَسْطِ شِبْهِ قَارَّةِ جُنُوْبِ آسِيَا وَتَحُدُّهَا بَاكِسْتَانُ شَمَالًا وَ غَرْبًا، كَمَا تَحُدُّهَا الْهِنْدُ جُنُوْبًا وَ تَحُدُّهَا الصِّيْنُ

وَالتِّبْتُ شَرْقًا، وَهِيَ مِنْ أَجْمَلِ الْمَنَاطِقِ فِيْ الْعَالَمِ لِمَا فِيْهَا مِنَ الْبَسَاتِيْنِ وَالْغَابَاتِ وَالْبُحَيْرَاتِ الَّتِيْ تَزِيْدُهَا جَمَالًا وَ بَهَاءً ا كَمَا تَقَعُ فِيْهَا أَعْلٰى الْقِيَمِ الْجَبَلِيَّةِ فِيْ الْعَالَمِ وَ بِهَا الطَّرِيْقُ الْحَرِيْرِيُ۔ الرَّابِطُ الْوَحِيْدُ۔ بَيْنَ بَاكِسْتَانْ وَالصِّيْنِ، وَ مِنْهَا تَنْبُعُ الْأَنْهَارُ الَّتِيْ تَعْتَمِدُ عَلَيْهَا الزِّرَاعَةُ وَالصِّنَاعَةُ فِيْ بَاكِسْتَانْ وَكَانَ مُؤَسِّسُ بَاكِسْتَانْ يَعْتَبِرُهَا الْوَرِيْدُ الرَّئِيْسِيُّ لِبَاكِسْتَانْ.

وَبَدَأَعَهْدُهَا الْإِسْلَامِيُّ مِنْ أَوَائِلِ الْقَرْنِ الرَّابِعِ عَشَرَ الْمِيْلَادِيِّ (۱۳۲۰م) حِيْنَ اَسْلَمَ مَلِكُهَا الْبُوْذِيُّ (رينجن شا) وَاخْتَارَ اِسْمًا اِسْلَامِيًّا (صَدْرُالدِّيْنِ) فَأَسْلَمَ مَعَهٗ عَدَدٌ غَيْرُ قَلِيْلٍ مِنَ الرِّجَالِ الْكِبَارِ وَسُكَّانِهَا.

(ریاست جموں کشمیر برصغیر کے وسط اور ایشیا کے جنوب میں واقع ہے۔اور اس کی سرحد پاکستان کا مشرقی ومغربی حصہ ہے۔اور اُس کے جنوب میں ہندوستان اور مشرق کی جانب چین اور تبت ہے اور پوری دنیا میں یہ خوبصورت خطہ ہے۔اس میں موجود باغات، جھیلیاں، اور دریا اس کی خوبصورتی اور رونق کو مزید نکھارتے ہیں۔

اور اس میں شاندار اُونچے پہاڑ ہیں اور وہاں سے ایک شارع عام ہے جو پاکستان اور چین کے روابط کو ملاتی ہے۔اور اس خطہ سے بہت دریا بہتے ہیں جن پر پاکستان کی زراعت و صنعت کا انحصار ہے۔

اور بانی پاکستان محمد علی جناح اس خطہ کو ''شاہ رگ'' کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

اور اس کا اسلامی دور چودھویں صدی کے آغاز سے شروع ہوا جب اس کا بادشاہ بدھ مت کا پیروکار (اسلامی نام صدرالدین) مسلمان ہوا۔اور اس کے ساتھ وہاں کے باشندگاں اور بڑے لوگ معمولی تعداد میں مسلماں ہوئے۔)

(۲) مَتٰى وَ كَيْفَ اِحْتَلَّهَا الْكُفَّارُ؟ (کفار اس خطہ پر کب قابض ہوئے اور کیسے ہوئے؟)

الجواب: حَيْثُ اِسْتَوْلٰى عَلَيْهَا السِّيْخُ وَ فِيْ عَامِ ۱۸۴۷م اِحْتَلَّهَا الْاِسْتِعْمَارُ الْبِرِيْطَانِيُّ وَ بَاعَهَا فِيْ يَدِ الْهِنْدِ.

(جب ''سیخ'' نے اس پر قبضہ کیا اور ۱۸۴۶ء میں برطانیہ نے یلغار کی اور اُسے ہندوستان کے ہاتھ میں فروخت کردیا۔)

تمرین (۸۱)

اِشْرَحْ أَسْبَابَ فَشَلَ الْأُمَمِ الْمُتَّحِدَةِ فِيْ حَلِّ قِضَيَّةِ جَامُوْ وَ كَشْمِيْرِ.

(مسئلہ جموں وکشمیر کے حل میں امم متحدہ کے کھسکنے کے اسباب کی وضاحت کریں؟)

الجواب: وَ اِذَا بِالْقُوىٰ الْإِسْتِعْمَارِيَّةِ الْعَالِمِيَةِ الْخَافِرَةِ تُسَانِدُهَا فِيْ دُعْدُوَانِهَا.

فَعَقَدَ اجْتِمَاعٌ فِيْ طَشْقَنْدِ، وَ بِمُوْا مَرَاتِ الْمَكْرِ وَالْخَدِيْعَةِ حَاوَلَتْ إِسْتِبْدَالُ النَّصْرِ الْبَاكِسْتَانِيِّ بِهَزِيْمَةٍ.

(انٹرنیشنل کفریہ یلغار نے ہندوستان کی پوری مدد کی اور ایک اجتماع (کانفرنس) طشقند میں ہوئی اور مکروفریب پر کئی پریس کانفرنسز ہوئیں مین مقصد پاکستان کی فتح کو شکست سے بدلنا تھا۔)

(۲) وَاشْرَحِ الْحَرَكَةَ الْجِهَادِيَّةَ لِتَخْلِيْصِهَا مِنَ الْإِسْتِعْمَارِ الْهُنْدُوْسِيِّ.

(جہادی حرکت کی کوشش ہندوستانی یلغار کی وضاحت کریں۔)

الجواب: وَلَمَّا رَأَى الْمُجَاهِدُوْنَ أَنَّ الْإِسْتِعْمَارَ الْهِنْدِيَّ الشِّرْسَ لَا يُمْكِنُ أَنْ يَزُوْلَ بِالْقَرَارَاتِ وَالْمُفَاوَضَاتِ السَّلِيْمَةِ تَابَعُوْا جِهَادَهُمْ.

(اور جب مجاہدین نے دیکھا کہ ہندوستان کی بدترین یلغار قراردادوں اور پُرامن مذاکرات سے چھٹکارا نہیں پارہی ہے تو انہوں نے جہاد کا علم اُٹھالیا۔)

(۳) مَاذَا يَجِبُ عَلَيْنَا تِجَاهَ الْمُجَاهِدِيْنَ الْكَشْمِيْرِيِّيْنَ.

(ہم پر کشمیری مجاہدین کی مدد کرنا کس طرح واجب ہے؟)

الجواب: يَجِبُ عَلَيْنَا تِجَاهَ الْمُجَاهِدِيْنَ الْكَشْمِيْرِيِّيْنَ بِالْجِهَادِ وَالْمَالِ وَالدُّعَاءِ.

(ہم پر واجب ہے کہ ہم کشمیری مجاہدین کی جہاد، مال اور دعا سے مدد کریں۔)

تمرین (۸۲)

أُكْتُبْ نُبْذَةً عَنْ حَيَاةِ الشَّيْخِ غُلَامِ اللّٰه خَانْ وَجِهَادِهِ فِيْ سَبِيْلِ نَشْرِ الْعَقِيْدَةِ

الصَّحِيْحَةِ، وَاشْرَحْ لِمَاذَا لُقِّبَ بِشَيْخِ الْقُرْآنِ؟

(شیخ غلام اللہ خاں کی زندگی اور صحیح عقیدہ کی نشر و اشاعت کے ضمن میں اُس کی کوشش کا ذکر کیجیے، اور اُسے ''شیخ القرآن'' کا لقب کیوں دیا گیا ہے؟)

الجواب: وَلَدَ الشَّيْخُ غُلَامُ اللّٰهِ خَانْ سَنَةَ ۱۳۲۳ھ (۱۹۰۴م) بِقَرْيَةِ دَرْيَا خَان، بِمُدِيْرِيَةِ أَتَكْ مِنْ إِقْلِيْمِ الْبَنْجَابِ، فِي أُسْرَةٍ مُوْسِرَةٍ مِنْ قَبِيْلَةِ اَعْوَانْ، وَكَانَ اَبُوْهُ مَلَكْ فَيْرُوْزْ خَانْ عُمْدَةُ الْقَرْيَةِ وَمِنْ وَجْهَاءِ الْمِنْطَقَةِ.

فَرَحَلَ عَنْ قَرْيَتِهٖ اِلٰى عُلَمَاءِ الْمِنْطَقَةِ يَتَلَقّٰى عَنْهُمُ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ وَ فُنُوْنَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَالْفِقْهِ الْحَنَفِيِّ وَ أَيْضًا أَخَذَ الْعُلُوْمَ الشَّرْعِيَّةَ مِنَ الشَّيْخِ حُسَيْنْ عَلِيْ وَالشَّيْخِ مُحَمَّدْ اَنْوَرْ شَاهْ الْكَشْمِيْرِيْ وَالشَّيْخ شَبِّيْرْ اَحْمَدْ الْعُثْمَانِيِّ وَكَانَ الشَّيْخُ خَطِيْبًا فَصِيْحًا لَهٗ اُسْلُوْبُهُ الْخَاصُ فِي الْاِسْتِشْهَادِ بِالْآيَاتِ الْقُرْآنِيَّةِ، وَلِذَا يُقَالُ لَهٗ "شَيْخُ الْقُرْآنِ" وَكَانَ الشَّيْخُ عَالِمًا جَلِيْلًا وَزَعِيْمًا بَصِيْرًا وَكَانَ يُرَاقِبُ الْحُكَّامَ وَالطَّوَاغِيْتَ، وَلَهٗ تَفْسِيْرٌ "جَوَاهِرُ الْقُرْآنِ فِي ۳ مُجَلَّدَاتٍ تُوُفِّيَ أَثْنَاءَ حَوْلَةٍ دَعْوِيَّةٍ فِي دُبَيٍّ بِدَوْلَةِ اَمَارَاتِ الْعَرَبِيَّةِ الْمُتَّحِدَةِ فِي ۲۶ مايو ۱۹۸۰م.

(شیخ غلام اللہ خان سال ۱۳۲۳ھ (۱۹۰۴ء) کو بمقام دریا خان ضلع اٹک صوبہ پنجاب میں پیدا ہوئے۔ مالدار خاندان قبیلہ اعوان سے آپ کا تعلق تھا۔ اور آپ کا والد ملک فیروز خان گاؤں کا نمبردار تھا اور علاقہ سے معززین میں سے تھا۔

آپ نے اپنے گاؤں سے علاقہ کے علماء کا رُخ کیا اور اُن سے قرآن کریم، عربی زبان کے فنون اور فقہ حنفی کے فنون سیکھے اور شیخ حسین، شیخ محمد انور شاہ کشمیری اور شیخ شبیر احمد عثمانی سے علوم شرعیہ سیکھے۔

اور شیخ غلام اللہ خان ایک فصیح خطیب تھے، اور آپ کا خاص اسلوب تھا۔ کہ ہر بات قرآنی آیات کی روشنی میں کرتے اسی بناء پر آپ کو ''شیخ القرآن'' کا لقب دیا گیا۔

اور آپ منجھے ہوئے جلیل القدر عالم تھے اور صاحب بصیرت تھے اور آپ نے ظالم حکمرانوں

اور طاغوتوں کا خوب تعاقب کیا۔ اور آپ کی تفسیر "جواہر القرآن" تین جلدوں میں مایہ ناز تصنیف ہے۔ آپ ایک مملکت امارات عربیہ متحدہ کے دعوتی دورہ کے دورانیہ 26 مئی 1980ء کو دبئی میں وفات پا گئے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ.

تمرین (۸۳)

○ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ. (درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔)

(۱) كَمْ مَرَّةً تَكَرَّرَ قَوْلُ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَمَنْ دَخَلَ كُلَّ مَرَّةٍ؟

(کتنی بار رسول اکرم ﷺ نے بات کو دُہرایا اور ہر بار کون داخل ہوا؟)

الجواب: تَكَرَّرَ قَوْلُ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَ دَخَلَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ كُلَّ مَرَّةٍ.

(رسول اکرم ﷺ نے بات کو تین بار دُہرایا، اور ہر بار ایک انصاری آدمی داخل ہوا۔)

(۲) كَمْ لَيْلَةً قَضَاهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رضی اللہ عنہ عِنْدَ الرَّجُلِ الْأَنْصَارِيِّ؟ وَلِمَاذَا؟

(عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے انصاری آدمی کے پاس کتنی راتیں گزاریں اور کیوں؟)

الجواب: قَضٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ثَلَاثَ لَيَالٍ عِنْدَ الرَّجُلِ الْأَنْصَارِيِّ لِيَعْلَمَ عَمَلَهُ.

(عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے انصاری آدمی کے پاس تین راتیں گزاریں تاکہ وہ آپ کا عمل جان لے۔)

(۳) عَنْ مَاذَا سَأَلَهُ عَبْدُ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ؟ (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آپ سے کیا سوال کیا؟)

الجواب: مَا رَأَيْتُكَ تَزِيْدُ عَنَّا فِي الْعَمَلِ، فَبِمَ بَلَغْتَ هٰذِهِ الْمَنْزِلَةَ الَّتِيْ تَحَدَّثَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

(میں نے آپ کو کوئی زیادہ عمل کرتے نہیں دیکھا۔ تو آپ کیسے اس مقام و رتبہ پر پہنچ گئے ہیں جیسے رسول اکرم ﷺ نے بیان کیا؟)

(۴) بِمَ نَالَ الْأَنْصَارِيُّ تِلْكَ الْمَنْزِلَةَ؟ (انصاری اس مرتبہ پر کیسے پہنچا؟)

الجواب: نَالَ الْأَنْصَارِيُّ بِخِصَالٍ حَمِيْدَةٍ تِلْكَ الْمَنْزِلَةَ.

(انصاری اس مقام پر صفاتِ حمیدہ سے فائز ہوا۔)

(۵) ذَكَرَ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ نَفْسِهِ ثَلَاثَ خِصَالٍ، فَمَا هِيَ؟

(انصاری نے بذاتِ خود جو تین صفات کا ذکر کیا ہے وہ کون سی ہیں؟)

الجواب: (i) لَا اَجِدُ فِيْ نَفْسِيْ لِأَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ غِشًّا.

(میں اپنے دل میں کسی مسلمان کے متعلق ملال نہیں رکھتا ہوں۔)

(ii) وَلَا أَحْسُدُ أَحَدًا عَلٰى خَيْرٍ أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ......

(میں کسی کی بہتری پر جو اُسے اللہ تعالیٰ نے عطا کی ہے، حسد نہیں کرتا۔)

(iii) وَلَمْ أَبِتْ لَيْلَةً ضَاغِنًا عَلٰى مُسْلِمٍ.

(اور میں کبھی کسی مسلمان کے متعلق کینہ وبغض رکھ کر رات کو نہیں سویا۔)

(۶) اِشْرَحْ أَبْيَاتِ الْإِمَامِ الشَّافِعِيِّ فِيْ صِفَاتِ الْقُلُوْبِ؟

(امام شافعیؒ نے قلوب کی صفات میں جو اشعار کہے ہیں اُن کی تشریح کریں؟)

الجواب: (اے انسان! اگر تو چاہتا ہے کہ تو ہر تکلیف، مصیبت سے سلامتی والی زندگی بسر کرے، اور تیری ہر آرزو پوری ہو، اور تو باعزت ہو، تو اپنی زبان سے کسی آدمی کی عیب جوئی نہ کر، تو تیرے بھی عیوب ہیں اور لوگ زبانیں رکھتے ہیں۔

اور اے انسان! اگر تیری آنکھ کسی کے عیب کو دیکھے گی۔ تو لوگوں کی بھی آنکھیں ہیں۔ اور لوگوں سے بھلائی کے ساتھ برتاؤ کر اور جو زیادتی کرے اُس سے درگزر کر مگر اُس سے دور رہ اور اسے احسن انداز میں افہام وتفہیم کر۔)

(۷) أَعِدْ كِتَابَةَ هٰذِهِ الْعِبَارَاتِ بِأُسْلُوْبِكَ؟

(درج ذیل عبارات کی اپنے اسلوب میں وضاحت کیجیے۔)

الجواب: (i) لَا اَجِدُ لِأَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ نَفْسِيْ غِشًّا.

(أَيْ، أَبْعُدُ نَفْسِيْ لِمُسْلِمِيْنَ مِنَ الْغِشِّ.)

(ii) مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالَا يَعْنِيْهِ.

(أَيْ يَتْرُكُ الْمُسْلِمُ اللَّغْوِيَّاتِ.)

(iii) لَمْ أَبِتْ ضَاغِنًا عَلٰى مُسْلِمٍ.

(أَيْ، أَبِيْتُ بِسَلِيْمِ الصَّدْرِ.)

تمرین (۸۴)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ؟ (درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔)

(۱) مَنْ دَخَلَ عَلٰى الْخَلِيْفَةِ؟ وَمَاذَا قَالَ لَهٗ؟

(خلیفہ پر کون داخل ہوا؟ اور اُسے کیا کہا؟)

الجواب: دَخَلَ مُلْحِدٌ عَلٰى الْخَلِيْفَةِ، وَقَالَ لَهٗ: "أَنْتُمْ أَيُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ تُؤْمِنُوْنَ بِوُجُوْدِ اللّٰهِ فَمَا دَلِيْلُكُمْ عَلٰى ذٰلِكَ؟

(ملحد خلیفہ پر داخل ہوا، اور اُسے کہا۔ اے مسلمانو! تم اللہ کے وجود پر ایمان لاتے ہو، اس پر تمہارے پاس کیا دلیل ہے؟)

(۲) لِمَ أَرْسَلَ الْخَلِيْفَةُ إِلٰى أَبِيْ حَنِيْفَةَ؟ (خلیفہ نے ابوحنیفہؒ کی طرف اُسے کیوں بھیجا؟)

الجواب: لِكَيْلَا يُعْلِمَهٗ بِخَبْرِ هٰذَا الْمُلْحِدِ وَ يَدْعُوْهُ لِلْحُضُوْرِ مِنْ أَجْلِ إِقْنَاعِهٖ.

(تاکہ امام صاحب کو اس ملحد کی خبر ہو سکے، اور اُسے اپنے حاضر کرے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے وجود کا قائل ہو سکے۔)

(۳) بِمَاذَا عَلَّلَ الْإِمَامُ تَأْخِيْرَهٗ؟ (امام صاحب نے تاخیر سے پہنچنے کا کیا سبب بتایا؟)

الجواب: لَمْ يَجِدْ مَرْكَبًا. (اس نے سواری نہ پائی۔)

(۴) بِمَ رَدَّ عَلَيْهِ الْمُلْحِدُ؟ (ملحد نے اس پر کیا جواب دیا؟)

الجواب: وَهَلْ مِنَ الْمَعْقُوْلِ أَنْ يَتِمَّ صُنْعَ السَّفِيْنَةِ بِدُوْنِ صَانِعٍ؟

(کیا عقل تسلیم کرتی ہے کہ بغیر کاریگر کے کشتی تیار ہو جائے؟)

(۵) كَيْفَ أَقْنَعَهٗ عَلٰى الْإِيْمَانِ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ؟

(امام صاحب نے اُسے کیسے اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے پر قائل کرلیا۔)

الجواب: إِنَّ هٰذَا الْكَوْنَ الْعَظِيْمَ، كُلُّ ذٰلِكَ حَدَثَ مِنْ نَفْسِهٖ.
(یقیناً یہ عظیم کائنات، بذاتِ خود معرضِ وجود میں آگئی ہے۔)

تمرین (۸۵)

أَعِدْ كِتَابَةَ هٰذِهِ الْقِصَّةَ بِعِبَارَتِكَ. (اس قصہ کو اپنے الفاظ میں لکھیں۔)

الجواب: يُرْوىٰ بِأَنَّ مُلْحِدًا سَأَلَ مِنَ الْخَلِيْفَةِ الْعَبَّاسِ أَبِيْ جَعْفَرٍ الْمَنْصُوْرِ مَا الدَّلِيْلُ عَلٰى وُجُوْدِ اللّٰهِ، فَبَعَثَهُ الْخَلِيْفَةُ إِلَى الْإِمَامِ أَبِيْ حَنِيْفَةَ لِكَيْ يَقْنَعَهُ عَلَى الْإِيْمَانِ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ، لَمَّا قَالَ الْمُلْحِدُ: "وَهَلْ مِنَ الْمَعْقُوْلِ أَنْ يَتِمَّ صُنْعُ السَّفِيْنَةِ بِدُوْنِ صَانِعٍ؟ فَأَجَابَهُ الْإِمَامُ إِنَّ هٰذَا الْكَوْنَ الْعَظِيْمَ، كُلُّ ذٰلِكَ حَدَثَ مِنْ نَفْسِهٖ. فَحَيَّرَ الْمُلْحِدُ، وَسَارَعَ إِلَى الْإِيْمَانِ بِوُجُوْدِ الْخَالِقِ الْعَظِيْمِ.

(مروی ہے کہ ایک ملحد نے خلیفہ عباس ابو جعفر منصور سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ کے وجود کی کیا دلیل ہے؟ تو خلیفہ نے اُسے امام ابو حنیفہؒ کے پاس بھیجا تا کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے پر قائل کر سکے جب ملحد نے کہا، کیا عقل مانے گی کہ کشتی بغیر کاریگر کے تیار ہو جائے، تو امام صاحب نے اُسے جواب دیا، کہ یہ تمام کائنات بذات خود معرض وجود میں آگئی ہے؟ ملحد حیران و ششدر رہوا اور ایمان لانے میں جلدی کی کہ واقعتاً اللہ تعالیٰ کا وجود پاک ہے۔)

تمرین (۸۶)

حَوِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلٰى أَسْئِلَةٍ: (درج ذیل جملوں کو سوالات میں تبدیل کریں۔)

(۱) طَلَبَتْ أُمُّ يَعْقُوْبَ مِنْ أَبِيْ حَنِيْفَةَ أَنْ يَتْرُكَ اِبْنَهَا.

سوالیہ جملہ: هَلْ طَلَبَتْ أُمُّ يَعْقُوْبَ مِنْ أَبِيْ حَنِيْفَةَ أَنْ يَتْرُكَ اِبْنَهَا.

(کیا امّ یعقوب نے ابو حنیفہؒ سے مطالبہ کیا یہ کہ اپنے بیٹے کو علم کے لیے چھوڑے۔)

(۲) اِنْتَفَعَ أَبُوْ يُوْسُفَ بِطَلَبِ الْعِلْمِ.

سوالیہ جملہ: هَلْ اِنْتَفَعَ أَبُوْ يُوْسُفَ بِطَلَبِ الْعِلْمِ؟ (کیا ابو یوسف نے علم سے فائدہ اُٹھایا؟)

(۳) طَلَبَ الرَّشِيْدُ مِنْ أَبِيْ يُوْسُفَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَهُ.

سوالیہ جملہ: هَلْ طَلَبَتُ الرَّشِيْدُ مِنْ أَبِي يُوْسُفَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَهُ.

(کیاہارون الرشید نے ابو یوسف سے مطالبہ کیا کہ اس کے ساتھ کھائے۔)

(۴) اَلْعِلْمُ نَافِعٌ.

سوالیہ جملہ: هَلِ الْعِلْمُ نَافِعٌ؟ (کیا علم نفع دیتا ہے؟)

(۵) كَانَ أَبُوْ يُوْسُفَ يَتِيْمًا.

سوالیہ جملہ: أَكَانَ أَبُوْ يُوْسُفَ يَتِيْمًا؟ (کیاابو یوسف یتیم تھا؟)

تمرین (۸۷)

أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ. (درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔)

(۱) مَنْ "اَلْمُعْتَصِمُ بِاللهِ"؟ (معتصم باللہ کون ہے؟)

الجواب: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنُ الرَّشِيْدُ. (وُہ محمد بن ہارون الرشید ہے۔)

(۲) أَيْنَ وَلِمَ قَالَتِ الْمَرْأَةُ: "وَامُعْتَصِمَاهُ"؟

(کہاں، اور عورت نے کیوں کہا "وَامُعْتَصِمَاهُ"؟)

الجواب: لَمَّا وَقَعَتْ فِي السَّبْيِ لَطَمَهَا شَخْصٌ رُوْمِيٌّ، فَصَرَخَتْ: وَامُعْتَصِمَاهُ!!

(جب اُس (ہاشمیہ عورت) کو قید میں ڈالا گیا تو ایک رومی شخص نے اُسے طمانچہ مارا اور وُہ چیخ اُٹھی اور اُس نے کہا "وَامُعْتَصِمَاهُ")

(۳) مَنْ بَلَّغَ الْخَلِيْفَةَ الْمُعْتَصِمَ نِدَاءَ هَا؟

(اُس عورت کے واویلا کو خلیفہ معتصم تک کس نے پہنچایا؟)

الجواب: هُوَ شَخْصٌ مُسْلِمٌ. (وُہ مسلمان شخص ہے۔)

(۴) لِمَاذَا شَنَّ الْمُعْتَصِمُ الْحَمْلَةَ عَلٰى عَمُّوْرِيَّةَ؟

(خلیفہ معتصم نے عموریہ پر کیوں حملہ کیا؟)

الجواب: أَسْرَعَ الْمُعْتَصِمُ بِجَيْشِهٖ سَنَةَ ۲۲۳ھ إِلٰى عَمُّوْرِيَّةَ وَ هِيَ بَلْدَةٌ فِيْ دَوْلَةِ الرُّوْمِ، فَحَاصَرَهَا مُدَّةً ثُمَّ فَتَحَهَا وَ أَحْرَقَهَا.

(مُعتصم نے سال 223 ہجری کو اپنا لشکر شہر عموریہ کی طرف روانہ کیا جو کہ سلطنتِ رُوم میں واقع ہے، کچھ مدت تک اس کا محاصرہ کیے رکھا، پھر اُسے فتح کیا، اور اُسے جلا دیا۔)

(۵) مَاذَا كَانَتِ النَّتِيْجَةُ؟ (کیا نتیجہ نکلا؟)

الجواب: فَحَاصَرَ مُعْتَصِمْ عُمُوْرِيَّةً وَ فَتَحَهَا وَ أَحْرَقَهَا.

(معتصم نے عموریہ کا محاصرہ کیا، اور اُسے فتح کیا اور اُسے جلا دیا۔)

(۶) مَاذَا قَالَ الْمُنَجِّمُوْنَ فِيْهَا؟ (نجومیوں نے مسلمانوں کے حملہ کے متعلق کیا کہا؟)

الجواب: إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ لَنْ يَّسْتَطِيْعُوا فَتْحَ الْمَدِيْنَةِ قَبْلَ الصَّيْفِ.

(بلاشبہ مسلمان گرمیوں سے پہلے شہر عموریہ کو فتح نہیں کر سکیں گے۔)

(۷) لِمَاذَا خَلَّدَتْ هٰذِهِ الْحَرْبُ اِسْمَ الْمُعْتَصِمِ؟

(یہ جنگ معتصم کے نام سے کیوں موسوم ہوئی؟)

الجواب: فَيُضْرَبُ بِهِ الْمَثَلُ فِي الْغَيْرَةِ وَالْاِنْتِصَارِ......

(کیونکہ وہ جنگ غیرت اور مدد کرنے میں ضرب المثل ٹھہری۔)

(۸) اُذْكُرْ بَعْضَ الْأَبْيَاتِ الَّتِيْ قَالَهَا أَبُوْتَمَامٍ فِيْ وَصْفِ هٰذِهِ الْمَعْرِكَةِ؟

(ابوتمام کے چند اشعار کا ذکر کریں، جو اس معرکہ کی صفت میں ذکر کیے ہیں؟)

الجواب: تَدْبِيْرُ مُعْتَصِمٍ بِاللّٰهِ مُنْتَقِمٍ لِلّٰهِ، مُرْتَقِبٍ فِي اللّٰهِ، مُرْتَغِبٍ

لَمْ يَغْزُ قَوْمًا، وَلَمْ يَنْهَضْ إِلٰى بَلَدٍ

إِلَّا تَقَدَّمَهُ جَيْشٌ مِنَ الرُّعْبِ

تمرین (۸۸)

(۱) اُكْتُبْ قِصَّةَ مَعْرِكَةِ عَمُوْرِيَّةَ بِعِبَارَتِكَ؟

(معرکہ عموریہ کا قصہ اپنی عبارت میں لکھیں۔)

